# دفتر برائے تعلقات عامہ ومیڈیا کوآرڈی نیشن

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

# نئی دہلی

7/03/2019

## پریس ریلیز

# جامعہ میں بین یونیورسٹی ثقافتی پروگرام جذبہ 2019 کا بخیروخوبی اختتام

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے عوامی تعلقات افسر اور میڈیا کوآرڈینیٹر آفس کی جانب سے منعقد ہونے والا دوروزہ بین یونیورسٹی ثقافتی پروگرام جذبہ 2019 بحسن و خوبی اپنے اختتام کو پہنچا۔ یہ پروگرام جامعہ ملیہ اسلامیہ کے میڈ آرٹسٹ بینڈ کے اشتراک 4 تا5 کو منعقد ہوا۔ اس میں مختلف یونیورسٹیوں کے طلبہ نے متعدد پروگراموں میں حصہ لیا اس پروگرام کا خاص مقصد ثقافتی نیرنگیوں کو اجاگر کرنا تھا۔ اس پروگرام میں فاتح جامعہ ملیہ کی ٹیم رہی۔ جس میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کے طلبہ وطلابات نے رقص وسرور کے علاوہ فیشن شو میں اپنی حیثیت منوائی۔ اس موقع پر انڈین آرمی ایئرفورس آفیسر ابھی نندن کے بھیس میں طلبہ نے بہترین شو پیش کیا۔ اس پروگرام میں جج کے فرائض آکاش اگروال نے انجام دئے۔

دیگر اہم پروگراموں میں گروپ اور سولو ڈانس کے مقابلے بھی منعقد ہوئے۔ اس پروگرام میں جن کالجوں اور یونیورسٹیوں نے حصہ لیا ان میں میرانڈا ہاوس کالج، جانکی دیوی کالج، مہاراجہ اگرسین کالج، پی جی ڈی اے وی کالج کے علاوہ دہلی یونیورسٹی کے متعدد کالجوں سے طلبہ وطالبات نے شرکت کی۔ اس پروگرام میں جج کے فرائض راہل بھارتی اور ایوب خان نے انجام دئے۔

اس موقع پر تحریری مقابلہ کے علاوہ کوئز، فوٹوگرافی، سلوسنگنگ، گلی کرکیٹ جیسے کھیلوں کے بھی مقابلے منعقد کئے گئے۔

بیٹل آف بینڈ کے نام سے منعقدہ پروگرام میں دہلی سے تعلق رکھنے والے متعدد بینڈ نے حصہ لیا اور اپنی زبردست صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔

اس موقع پر جامعہ ملیہ اسلامیہ کے مسجل اے پی صدیقی کے علاوہ دیگر ذمہ دارن بھی شریک رہے جن میں ڈی ایس ڈبلیو کے سربراہ پروفیسر نوید اقبال، چیف پراکٹر پروفیسر ہارون سجاد، سیکیورٹی انچارج ڈاکٹر منصف عالم بھی موجود تھے۔

**احمد عظیم**

**عوامی تعلقات افسر اور میڈیا کوآرڈینیٹر**

**جامعہ ملیہ اسلامیہ**

**نئی دہلی**

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com